پندرہ روزہ
الہلال
ٹورانٹو ۔ کنیڈا
قیمت ۵۰ سینٹ
۱۹ رجب ۱۴۰۵ھ ۱۰ اپریل ۱۹۸۵ء
بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار
جلد نمبر ۱ شمارہ نمبر ۲

وفاقی کابینہ توڑ دی گئی، وزیر اعظم کے پاس ۱۶ محکمے ہوں گے

وزیر اعظم کو تاحکم ثانی جو اضافی محکمے دیئے گئے ہیں ان میں دفاع اور امور داخلہ بھی شامل ہیں

صاحبزادہ یعقوب، ڈاکٹر محبوب اور ڈاکٹر افضل کام کرتے رہیں گے

غلام اسحٰق خان نے وفاقی وزارت میں اپنے عہدہ سے استعفیٰ دیدیا

جماعت اسلامی اور مسلم لیگ کے درمیان مفاہمت ہو گئی



وزیر اعظم جونیجو کی مختصر سوانح

پنجاب اسمبلی پیر پگارا کیلئے چیلنج بن گئی

حسن محمود کو وزیر اعلیٰ بنانے کی مخالفت، مخدوم زادہ اور فخر امام گروپ نواز شریف کی حمایت کرینگے

پاکستان میں قائد اعظم کی خواہشات سے انحراف کیا جا رہا ہے: بے نظیر بھٹو

مارشل لاء دور کے اقدامات کو پہلے کبھی آئینی تحفظ نہیں دیا گیا

مسلم لیگ کے اتحاد سے اسمبلی کی حزب مخالف پروفیسر خورشید اور مظفر ہاشمی کی پریس کانفرنس

غلام اسحٰق خان وزیر خزانہ نہیں رہے

کابینہ کی تشکیل کے دن مارشل لاء ختم کر دیا جائے گا

فوجی عدالتیں بھی ختم کر دی جائیں گی اور تمام سیاسی رہنماؤں کو رہا کر دیا جائے گا،

وفاقی کابینہ چند روز میں حلف اٹھا لے گی

[illegible]

جونیجو حُر ہیں: ہمارے سامنے جواب دہ ہیں - پیر پگارا

اب تک جتنے بھی وزرائے اعظم ہوئے، کسی کے سامنے جواب دہ نہیں تھے

اسلام آباد ---- [illegible]

میرے گھوڑے ہر میدان میں جیت جاتے ہیں - پیر پگارا

[illegible]

اسلام آباد ---- [illegible]

[illegible]

فضا سے فضا میں مار کرنے والے میزائل ایف ۱۶ طیاروں میں نصب کئے جا سکیں گے

[illegible]

خطاطی اسلامی تاریخ کا اہم پہلو ہے - ڈاکٹر شمیل

اسلام آباد ---- [illegible]

کئی سیاسی قیدیوں کی رہائی

پشاور ---- [illegible]

[illegible]

شامیانہ واپس کر دیں

صدر صاحب نے فرمایا ہے کہ:

"نئی حکومت اپنی گرفت مضبوط کر لے تو مارشل لاء کی چھتری فوری طور پر لپیٹ دی جائے گی۔"

[illegible]

"مجھ عوام سے کوئی جدا نہیں کر سکتا۔"

[illegible]

جدہ - راولپنڈی - لاہور - لندن - بمبئی - دہلی - ڈھاکہ



ٹکٹ اور دوسری معلومات کے لئے

ہماری خدمات حاضر ہیں

M & J TRAVEL

1240 BAY STREET
TORONTO ONTARIO M5R 2A7
TEL. 960-8346 / 960-8475

New Store in
SCARBOROUGH

3258 Lawrance Ave. East
(One block East of McCowan)

تازہ حلال گوشت - تازہ حلال مرغیاں

ہر قسم کی اعلیٰ گروسری - تازہ سبزیاں

SPICE TOWN

2210 Dundas Street West
(Near Jami Mosque)
Phone: (416) 532-8267

پندرہ روزہ
الہلال
ٹورانٹو کینیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

سُن رکھو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہوگا نہ غم ہوگا۔ (القرآن)

مظلوموں کی مدد کے لئے نکلو

القرآن

آخر کیا وجہ ہے کہ تم اللہ کی راہ میں ان بے بس مردوں، عورتوں اور بچوں کی خاطر نہ لڑو جو کمزور پاکر دبا لئے گئے ہیں اور فریاد کر رہے ہیں کہ خدایا ہم کو اس بستی سے نکال جس کے باشندے ظالم ہیں اور اپنی طرف سے ہمارا کوئی حامی و مددگار پیدا کر دے۔ (النساء: ۷۵)

تین کاموں میں تاخیر سے بچو

السنۃ

حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے ارشاد فرمایا، علی! تین کام وہ ہیں جن میں تاخیر نہ کیجیو۔ نماز جب اس کا وقت آجائے۔ اور جنازہ جب تیار ہو کر آجائے۔ اور بے شوہر والی عورت جب اس کے لئے کوئی مناسب جوڑ مل جائے۔

(جامع ترمذی)

احمدیوں سے درخواست

کینیڈا کی جماعت احمدیہ اور اس کے ممبران اکثر ہمیں خطوط، دعوت نامے، پمفلٹ اور کتابچے بھیجتے رہتے ہیں۔ یہ ان کی عنایت ہے۔ مگر ان سے درخواست ہے کہ وہ ہمیں اس نظر کرم سے معاف رکھیں۔ ہمارا دین اور مسلک واضح ہے اور جو دین اللہ تعالیٰ نے ہمیں مرحمت فرمایا ہے اس پر ہم نہایت ہی خوش ہیں۔ جو روش انہوں نے اپنے لیے پسند کی ہے وہ انہیں مبارک۔ "تم کو تمہارا دین اور مجھے میرا دین" (قرآن الکافرون نمبر ۶)۔

برصغیر ہندوستان کے مسلمانوں میں اپنی تمام تر فرقہ واریت اور داخلی کشمکش کے باوجود جذبۂ جہاد کی چنگاری لو دیتی رہی تھی۔ اور خاص طور پر انگریزوں کی اس جذبے سے جان جاتی تھی۔ پچھلی صدی کے آخر میں مرزا غلام احمد کے دعوائے نبوت اور تنسیخ جہاد کے اعلان نے ایک اہم برطانوی ضرورت کو پورا کیا۔

مرزا غلام احمد قادیانی کا خاندان انگریزوں کا پرانا نمک خوار اور وفادار خاندان تھا۔ مرزا غلام احمد نے اپنی کتاب "اشتہار واجب الاظہار" ضمیمہ کتاب البریہ صفحہ ۳ میں لکھا:

"میں ایک ایسے خاندان سے ہوں جو اس گورنمنٹ کا پکا خیر خواہ ہے۔ میرا والد مرزا غلام مرتضیٰ گورنمنٹ کی نظروں میں وفادار اور خیر خواہ آدمی تھا۔۔۔۔۔ اور ۱۸۵۷ء میں انہوں نے طاقت سے بڑھ کر سرکار انگریزی کی مدد کی تھی۔ یعنی پچاس سوار اور گھوڑے بہم پہنچا کر عین زمانۂ غدر کے وقت سرکار انگریزی کی امداد میں دیئے تھے۔"

مرزا قادیانی نے اپنی کتاب تریاق القلوب میں صفحہ ۱۵ پر لکھا:

"میں نے ممانعت جہاد اور انگریزی اطاعت کے بارے میں اس قدر کتابیں لکھیں اور اشتہار شائع کیے ہیں کہ اگر وہ رسائل اور کتابیں اکٹھی کی جائیں تو پچاس الماریاں ان سے بھر سکتی ہیں۔"

"ستارہ قیصرہ" میں لکھتے ہیں:

"گورنمنٹ انگریزی ہم مسلمانوں کی محسن ہے۔ لہٰذا ہر مسلمان کا فرض ہونا چاہیے کہ اس گورنمنٹ کی سچی اطاعت کرے اور یہ کتابیں میں مختلف زبانوں یعنی اردو، فارسی اور عربی میں تالیف کر کے اسلام کے تمام ممالک میں پھیلا دیں۔۔۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ لاکھوں انسانوں نے جہاد کے وہ غلیظ خیالات چھوڑ دیئے جو نافہم ملاؤں کی تعلیم سے ان کے دلوں میں تھے۔ یہ ایک ایسی خدمت مجھ سے ظہور میں آئی ہے کہ مجھے اس پر فخر ہے۔"

اور جہاد کے بارے میں ارشاد خداوندی ہے کہ:

"اور جہاد کرو اس کی راہ میں تاکہ تمہارا بھلا ہو۔" (سورۃ مائدہ نمبر ۳۵)

عیسائیوں سے میل جول کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا حکم ہے:

"اے ایمان والو یہود اور نصاریٰ کو دوست مت بناؤ۔ وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں اور جو کوئی تم میں سے ان سے دوستی کرے وہ انہیں میں سے ہے۔ اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔" (سورۃ المائدہ نمبر ۵۱)

نبی اللہ کے منتخب بندے ہوتے ہیں جو اپنے اخلاق، اوصاف اور کردار میں نہایت ہی اعلیٰ و ارفع ہوتے ہیں۔ مگر مرزا صاحب دشنام طرازی میں مشہور زمانہ تھے۔ چند گوہر پارے انہی کی کتابوں سے پیش خدمت ہیں:

"کل مسلمانوں نے مجھے قبول کر لیا ہے اور میری دعوت کی تصدیق کی ہے۔ مگر کنجروں اور بدکار عورتوں کی اولاد نے مجھے نہیں مانا۔" (آئینہ کمالات اسلام صفحہ ۵۴۷)

"جو شخص ہماری فتح کا قائل نہیں ہوگا تو صاف سمجھا جائے گا کہ اسکو ولد الحرام بننے کا شوق ہے۔ حرام زادے کی یہی نشانی ہے۔" (انوار الاسلام صفحہ ۳۰)

مخالفین کے بارے میں گندہ بیانی دیکھیے:

"جب کوئی دامن پکڑ کر پوچھے کہ ذرا ثبوت دے کر جاؤ تو جہاں سے نکلے تھے وہیں داخل ہو جاتے ہیں۔" (حیات احمد جلد اول ۱۴ صفحہ ۱۵)

اب ذرا مرزا قادیانی کے دعوؤں پر غور فرمائیے:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تین ہزار معجزات ہیں۔" (تحفہ گولڑویہ صفحہ ۴۰)

"میرے معجزات کی تعداد دس لاکھ ہے۔" (براہین احمدیہ صفحہ ۵۶)

"ہمارا دعویٰ ہے کہ ہم رسول اور نبی ہیں۔" (بدر ۵ مارچ ۱۹۰۸ء)

"میں آدم ہوں، میں نوح ہوں، میں ابراہیم ہوں، میں اسحٰق ہوں، میں یعقوب ہوں، میں اسمٰعیل ہوں، میں داؤد ہوں، میں موسیٰ ہوں، میں عیسیٰ ہوں، میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہوں۔" (تتمہ حقیقۃ الوحی صفحہ ۸۴)

آخر میں موصوف کے کلام کا نمونہ ملاحظہ کیجیے ۔۔۔

منم مسیح زماں و منم کلیم خدا ۔۔۔ منم محمد و احمد کہ مجتبیٰ باشد

زمین قادیاں اب محترم ہے ۔۔۔ ہجوم خلق سے ارض حرم ہے

ہر ترگانی و ہم ہے احمد کی شان ہے ۔۔۔ جس کا غلام دیکھو مسیح الزماں ہے

ملت اسلامیہ کی وحدت کا تحفظ اور فرقہ واریت سے اجتناب ہمارا اصول رہا ہے۔ مگر یہاں مسئلہ ایمان کا ہے۔ ختم نبوت کا مسئلہ مسلمانوں کے دل و دماغ کا مسئلہ ہے۔ اسی لیے مسلمان ہمیشہ سے ہی اس مسئلہ پر بڑا حساس رہا ہے۔ امام المورخین علامہ ابن خلدون کے مطابق مسلمانوں میں سب سے پہلا اجماع اسی نظریہ کے تحفظ پر ہوا۔ علامہ اقبال فرماتے ہیں "ختم نبوت کے معنی یہ ہیں کہ کوئی شخص بعد اسلام یہ دعویٰ کرے۔۔۔ کہ مجھے الہام وغیرہ ہوتا ہے اور میری جماعت میں نہ داخل ہونے والا کافر ہے تو وہ شخص کاذب ہے اور واجب القتل۔ مسیلمہ کذاب کو اسی بنا پر قتل کیا گیا۔ حالانکہ جیسا طبری لکھتا ہے کہ وہ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کا مصدق تھا اور اس کی اذان میں حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق تھی۔"

حضرت ابوبکر صدیقؓ کے زمانۂ خلافت میں سینکڑوں صحابہؓ و تابعینؒ نے جن کی اکثریت حفاظ قرآن پر مشتمل تھی، مسیلمہ کذاب کے خلاف اپنے مقدس خون کا نذرانہ دے کر وحدت ملت کی حفاظت کا فرض عظیم ادا کیا۔

احمدیوں سے گزارش ہے کہ اپنے پیرو پیگنڈے میں جہاں وہ اپنے اوپر مظالم کی المناک تصویر کھینچتے ہوئے مرزا غلام احمد قادیانی کے ساتھ حضرت علیؓ، امام ابوحنیفہؒ، امام غزالیؒ اور ابن عربیؒ جیسے عظیم بزرگان دین سے مماثلت نہ کریں۔ کیونکہ ان میں سے کسی نے بھی نبوت کا دعویٰ نہیں کیا تھا۔ مرزا قادیانی کا ذکر در اصل ایران کے عبدالبہا یا مسیلمہ کذاب کے ساتھ ہونا چاہیے۔ جن کی مخالفت میں واقعی مسلمان سخت تھے، سخت ہیں اور انشاءاللہ سخت رہیں گے۔

صبر

ایک دفعہ حضرت عروہ بن زبیرؓ کا بیٹا ایک گھوڑے پر سوار ہوا، گھوڑے نے اسے پٹخ دیا اور وہ اس صدمے سے جاں بحق ہو گیا۔ اس کے بعد ہی حضرت عروہؓ کے پاؤں میں ایک نہایت زہریلا پھوڑا نکل آیا۔ طبیب نے کہا کہ پاؤں کاٹ دینا چاہیے ورنہ زہر سارے جسم میں پھیل کر ہلاکت کا باعث بنے گا۔ حضرت عروہؓ نے اپنا پاؤں کٹوانے کے لئے بڑھا دیا۔ جب پاؤں کٹنے لگا تو چند آدمی سنبھالنے کے لئے آئے۔ حضرت عروہؓ نے پوچھا کہ "تمہارا کیا کام ہے؟" انہوں نے جواب دیا: "تکلیف کی شدت سے صبر کا دامن ہاتھ سے چھوٹ جاتا ہے اس لئے ہم آپ کو سنبھالنے کے لئے آئے ہیں۔"

حضرت عروہؓ نے کہا: "انشاء اللہ مجھے تمہاری امداد کی ضرورت نہیں ہوگی۔"

طبیب نے اوزاروں سے آپ کا پاؤں کاٹا۔ آپ نہایت استقلال سے بیٹھے رہے اور زبان تسبیح و تہلیل میں مشغول رہی۔ جب خون بند کرنے کے لئے زخم کو داغا گیا تو درد کی شدت سے بے ہوش ہو گئے۔ جب ہوش میں آئے تو کٹا ہوا پاؤں منگوا کر دیکھا اور الٹ پلٹ کر کہنے لگے: "اس ذات کی قسم جس نے تجھے میرا بوجھ اٹھانے کے لئے بنایا۔ وہ خوب جانتا ہے کہ میں تیرے ساتھ کبھی حرام راستے پر گامزن نہیں ہوا۔"

شوق شہادت

حضرت عبداللہ بن ام مکتومؓ نابینا تھے۔ آپ ہی وہ معزز ہستی ہیں جن کے بارے میں قرآن مجید کے ۳۰ویں پارے میں سورہ عبس میں کچھ آیات نازل ہوئیں۔ حضور اکرمؐ جب کبھی مدینے سے باہر جاتے تو مسجد نبوی کا امام انہی کو مقرر کر کے جایا کرتے تھے۔

معذوری کے باوجود حضرت عبداللہ بن ام مکتومؓ کے شوق شہادت کا یہ عالم تھا کہ بار بار جنگوں میں شریک ہوتے۔ فرمایا کرتے تھے کہ:

"اور کچھ کر نہیں سکتا ہوں تو کیا اسلامی فوج کا علم تھام کر بھی کھڑا نہیں رہ سکتا ہوں۔ علم میرے ہاتھوں میں دے کر دونوں صفوں کے بیچ میں کھڑا کر دو۔ انشاء اللہ میں پیچھے نہ ہٹوں گا، ہرگز نہیں۔"

خلافت راشدہ کے عہد کی مشہور جنگ قادسیہ میں زرہ پہن کر یہ اسلامی فوج کا جھنڈا لے کر کھڑے رہے اور اسی حالت میں شہادت نصیب ہوئی۔

مرسلہ: نگہت محمد خان، سرسید گرلز کالج، کراچی۔

آتش جہنم

حضرت علیؓ کے پوتے حضرت زین العابدینؓ بڑے ہی نیک اور عبادت گزار تھے۔ آپ گھر میں ہوتے یا سفر میں تہجد کی نماز کبھی نہ چھوڑتی تھی۔ ایک بار آپ سجدے میں تھے کہ گھر میں آگ لگ گئی۔ آس پاس پڑوس کے لوگ دوڑ پڑے، بڑا شور و غل ہوا۔ لوگوں نے آوازیں دیں: اے ابن رسول اللہ! آگ، آگ لگ گئی۔ لیکن آپ اسی طرح نماز میں مشغول رہے، کسی کی آواز نہ سنی۔ لوگوں نے بڑی مشکلوں سے آگ بجھائی۔ جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو لوگوں نے کہا: حضرت! ہم نے آپ کو آوازیں دیں لیکن آپ نے بالکل بھی توجہ نہ دی۔ آخر کون سی ایسی چیز نے آپ کو اس آگ سے اس قدر بے پروا کر دیا؟ حضرت زین العابدینؓ نے فرمایا: "آتش جہنم نے۔"

سچی کہانی — اے حمید کے طویل سفرنامے - واشنگٹن کی الف لیلی سے ماخوذ

"ہیلو۔ حمید صاحب بول رہے ہیں؟"

"جی ہاں۔ آپ؟"

"جی میں خالد کی بیوی بول رہی ہوں۔ میں ایک گھنٹے سے آپ کو فون کر رہی ہوں۔ آپ کہیں باہر گئے ہوئے تھے۔"

خالد میرا دوست ہے اور ایک برس ہوا سیالکوٹ سے پڑھے لکھے گھرانے کی ایک خوب صورت کشمیری لڑکی بیاہ کر لایا تھا جو لڑکی بی اے تھی۔ ... خالد چھ سات برس سے واشنگٹن میں

سیالکوٹ کا چاند

جو واشنگٹن میں ڈوب گیا

باقی صفحہ ۶ پر

ادب و ثقافت

اقبال، فیض اور کرار صاحب

پروفیسر کریم بخش نظامانی

پروفیسر کرار صاحب میرے دادا استاد ہیں۔ میرے استاد پروفیسر جمال نقوی صاحب کے استاد ہیں اور میرے خاکسار کی حیثیت سے ان کے اخبار ریڈینس کے حوالے سے بھی میں ان کا بہت احترام کرتا ہوں۔ لیکن مجھے ان کی فیض نوازی والی ان باتوں سے شدید اختلاف ہے۔ مجھے ان لوگوں سے بھی اختلاف ہے جو فیض کی شاعرانہ عظمت کو مسلم سمجھتے ہیں۔ شعر و ادب کی دنیا میں کسی کی عظمت اسی وقت مسلم سمجھی جاتی ہے جب اس کے وفات کو ایک آدھ صدی گزر جائے۔ کسی کے ادبی قد کا صحیح اندازہ بہتر طور پر آنے والی نسلیں ہی کر سکتی ہیں۔ ورنہ اس کے ہم عصر نقاد۔ انگریزی ادب کے ایک استاد کی حیثیت سے پروفیسر کرار صاحب مجھ سے زیادہ بہتر جانتے ہیں کہ ڈاکٹر جانسن اپنے دور کے بہت ہی عظیم ادیب، نقاد اور اسکالر مانے جاتے تھے لیکن آنے والی نسلوں نے ان کو وہ مقام نہیں دیا جو ان کے ہم عصروں نے دیا تھا۔ ... شاعر پوپ کا ہے کہ جو اپنے دور کا شہزادہ سمجھا جاتا تھا۔ اس کے برعکس جان کیٹس کی کوئی قدر نہیں کی گئی لیکن آج ہم جانتے ہیں کہ کیٹس کی ODES پر پوپ کی پوری شاعری قربان کی جا سکتی ہے۔ اسی طرح اقبال کی وفات کو نصف صدی گزر چکی ہے اور جوں جوں وقت گزرتا جاتا ہے کلام اقبال کے چھپے ہوئے گوشے واضح اور واضح تر ہوتے جا رہے ہیں۔ یہی ان کی عظمت کی دلیل ہے۔

خالص فنی لحاظ سے دیکھا جائے تو فیض اقبال کے سامنے طفل مکتب نظر آتے ہیں۔ اقبال کے کلام میں جو فلسفہ ہے اس کا عشر عشیر بھی فیض میں نظر نہیں آتا۔ ... اقبال، فیض اور کرار صاحب کے عنوان سے جناب ذوالفقار علی شاہ کے مضمون سے معلوم ہوا کہ محترم کرار حسین صاحب نے اقبال اور فیض کا ... [illegible]

(۳) غبار آلودۂ رنگ و نسب ہیں بال و پر تیرے
تو اے مرغ حرم اڑنے سے پہلے پرفشاں ہو جا

صرف الفاظ کی بندش پر غور فرمائیے۔ ... METAPHOR ... [illegible]

(۵) من دزدوں شیشہ ہائے عصر حاضر ...
... [illegible]

[illegible]

پتھر آنکھیں

فرحانہ عزیز (ڈومینیگ)

شام ڈھلتے ہی صدا دینے لگیں
گھر کی دہلیز کو پتھر آنکھیں
اور سورج نے مرے کیسری آنچل کا کنارا تھاما
ہٹ گئے راہ سے برفیلے پہاڑ

دشت و صحرا مرے قدموں کے تعاقب میں چلے
نرم دریاؤں کی لہروں میں ڈھلے
گیت مرے
نوک مژگاں پہ سمٹ آئے سمندر سارے
مخمل گریہ نے اٹھائیں نظریں
ایک دیوار نظر آئی شکستہ در پر
زنگ آلودہ سلاخیں تھیں فلک بوس مگر
زندگی بند دریچوں سے پرے نوحہ طلب
ڈھونڈھ رہی تھی اب تک
بیتے موسم کے وہ خوشبو چہرے
جو منڈیروں کی ہری بیل کے پیچھے تھے کہیں
فرش گل رنگ کو بس تکتی رہیں
سنگ زاروں میں یہ پتھر آنکھیں

ساحر کا جواب

سردار جعفری کسی ترقی پسند شاعر یا ادیب کا کسی ... کے ساتھ وابستگی پسند نہیں کرتے تھے۔ ایک دن سردار جعفری نے غصے کے عالم میں ساحر لدھیانوی سے کہا۔ ساحر دیکھ لینا، تمہارے جانے سے میں کوئی ترقی پسند شاعر شریک نہیں ہوگا۔
ساحر نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔ کوئی بات نہیں، میں ہر ترقی پسند کے جنازے میں شریک ہو جاؤں گا۔

نقوش
رسول نمبر
دس جلدوں پر مشتمل عظیم الشان نمبر
قیمت 145 ڈالر
اردو کی مزید کتابوں کی فہرست کے لیے لکھیے
Open Press (Holdings)
300 Steelcase Rd. W. Unit 8
Markham, Ontario L3C 2W2
Canada

دعوت ... کا جواب

دعوت صدی ... کا ایک دعوت نامہ ... اپنے ایک دوست کو لکھا تھا ...
آپ کی آمد ... [illegible]

کے منتظر ہیں۔ ... ہر طرف بکھیر رہے ہیں ... آپ کی آمد کا اعلان ... ہم آپ کو اپنے بیچ ... بہر مرکزی دانہ بنا کر ... [illegible]

احیائے اسلام ۔۔۔ خدا بخش

اب بیوی کے ساتھ

نام اگر پوچھو تو چھ سطروں میں نام آتا نہیں
کام اگر پوچھو تو ان کو کوئی کام آتا نہیں
اپنی روٹی خود پکا مسٹر کہ اب بیوی کے ساتھ
حسن آجاتا ہے، حسن انتظام آتا نہیں
کچھ ہنر، کچھ سعی و کاوش لے مرے نور نظر
صرف اک پتلون کس لینے سے کام آتا نہیں

ضمیر جعفری

مختصر اشتہارات

مختصر اشتہارات کا معاوضہ
صرف 10 ڈالر ہے
جس کی ادائیگی پیشگی ضروری ہے

مندرجہ ذیل رشتوں میں دلچسپی رکھنے والے اشتہار نمبر کے حوالے سے "الہلال" کی معرفت خط لکھیں اور جواب کے لیے اپنا فون نمبر تحریر فرمائیں۔ پتہ ہے:
ADVERTISEMENT NO.....
C/O AL-HILAL
338 HOLLYBERRY TRAIL
NORTH YORK, ONT.
M2H 2P6

***

اشتہار نمبر (۱۵): ایڈمنٹن (البرٹا) میں مقیم ۲۹ سالہ پاکستانی لڑکے کیلئے کراچی سے تعلق رکھنے والی ۲۰ ، ۲۱ سالہ دراز قد اور کھلتی ہوئی رنگت والی لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ دلچسپی رکھنے والے اپنے فون نمبر کے ساتھ خط لکھیں۔

*

اشتہار نمبر (۱۶): پنجاب کے سنت ال جماعت مسلمان گھرانے سے تعلق رکھنے والی ۲۲ سالہ لڑکی کے لیے شریف گھرانے کے اعلیٰ اخلاق و کردار رکھنے والے ایسے لڑکے کا رشتہ مطلوب ہے جس کی عمر ۲۶ تا ۳۰ سال کے درمیان ہو۔ دلچسپی رکھنے والے اپنے ٹیلی فون نمبر کے ساتھ خط لکھیں۔

*

اشتہار نمبر (۱۷): کراچی سے تعلق رکھنے والا ۲۹ سالہ لڑکا جس نے انگلینڈ میں اکاؤنٹنگ کی تعلیم حاصل کی ہے اور گرین کارڈ رکھتا ہے کسی کینیڈین امیگرنٹ مسلمان لڑکی سے شادی کا خواہشمند ہے۔ لڑکے کی والدہ ٹورانٹو میں رہائش پذیر ہیں۔ خواہشمند اس اخبار کی معرفت خط لکھیں۔

*

اشتہار نمبر (۱۸): انگلینڈ میں اپنے خاندان کے ساتھ سکونت پذیر پنجابی مسلمان گھرانے کے تعلیم یافتہ اور شریف لڑکے کیلئے ۲۵ سال کے لگ بھگ یا اس سے کم عمر کی، سلیقہ شعار اور نیک سیرت لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ تفصیلات کے لیے خط لکھئے۔

***

ٹورانٹو میں رہائش پذیر ۳۸ سالہ طلاق یافتہ شخص کے لیے سمجھدار روشن خیال اور پڑھی لکھی لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ دلچسپی رکھنے والے ٹورانٹو میں اس نمبر پر فون کریں: 245-4718

شمالی امریکہ کی سب سے بڑی مسجد

اکمل علیمی - واشنگٹن

عظیم تر ٹولیڈو کے علاقے کا اسلامی مرکز اپنی زندگی کے دوسرے سال میں داخل ہو چکا ہے۔ اسلامی مرکز کی یہ عمارت ایک مسجد ہے جو اسلامی خطوط پر تعمیر کی گئی ہے اور جو شمالی امریکہ میں سب سے بڑی مسجد ہے۔ اسلامی مرکز نہ صرف ریاست اوہائیو کے اس علاقے کے پانچ سو مسلمان خاندانوں کی دینی اور معاشرتی ضروریات پوری کرتا ہے بلکہ غیر مسلموں کی توجہ کا مرکز بھی بنتا جا رہا ہے۔ گزشتہ سال کے دوران ہزاروں لوگ اسلامی مرکز دیکھنے آئے [illegible] کے مختلف پہلو دکھائے۔

[illegible]

رنگ و نسل کے امتیازات مٹا کر حرم کی پاسبانی کے لئے ایک ہو گئے

[illegible]

اسلامی مرکز متجسس غیر مسلموں کی توجہ کا مرکز بنتا جا رہا ہے

[illegible]

بقلم: سبطی کرمانی

[illegible]



آپ کے خطوط

(ہمیں اپنے قارئین کی جانب سے سود کے بارے میں جو خطوط ملے ہیں ان میں سے کچھ اختصار کے ساتھ یہاں پیش کیے جا رہے ہیں)

...... یہاں کا سارا کاروبار تو سود پر چلتا ہی ہے لیکن کیا پاکستان میں ایسا نہیں ہوتا؟ یہ ضرور ہے کہ وہاں کچھ بنکوں میں منافع کے اکاؤنٹ کھولے جاتے ہیں۔ مگر سود کا لین دین کرنے والے ادارے جیسے کہ بنک ہیں کیا آپ کو منافع کے نام سے سود نہیں دے رہے ہیں؟ .....

— عرفانہ فردوس

...... پچھلے شماروں میں سود کے مسئلہ پر جتنے بھی خطوط چھپے ہیں وہ یہاں کی زندگی کی کسی نہ کسی حقیقت کی نشاندہی کرتے ہیں۔ میرا یہ خیال ہے کہ کسی عالم دین کے ساتھ ساتھ کسی ماہر معاشیات سے بھی مشورہ کرنا ضروری ہوگا۔ اچھا ہوگا اگر ادارہ کچھ ناگریز ہے۔

— اسلم بٹ

...... قرآنی احکامات میں جس طرح سود کا لین دین منع ہے اسی طرح جھوٹ اور دھوکہ دہی سے پرہیز کی تاکید بھی کی گئی ہے۔ ہمارے بعض حاجی ایسے ہیں کہ جو معقول آمدنی رکھنے کے باوجود حکومت کی امداد پر بلڈنگوں میں رہتے ہیں اور وہاں اپنا قیام باقی رکھنے کے لیے اپنی آمدنی کم بتاتے ہیں۔ اور دنیا کو یہ جواز دیتے ہیں کہ وہ سود کے چکر میں نہیں پڑنا چاہتے اس لیے حکومت کی طرف سے مہیا کردہ بلڈنگوں میں رہتے ہیں۔ جبکہ اصل مستحق افلاس لوگوں کے لیے ہوتی ہیں۔ یہیں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو مستحق نہ ہوتے ہوئے بھی حکومت کے خیراتی اداروں سے امداد طلب کرتے ہیں اور جھوٹ اور دھوکہ دہی کے مرتکب ہوتے ہیں۔ کیا اس نیکی سے بچنا ایک مسلمان پر فرض نہیں ہے؟

— نگہت حسن

چودھواں سال

..... اخبار کی اشاعت کے چودھویں سال پر مبارکباد۔ دعا ہے کہ آپ چودہ سال اور اسی لگن اور استقامت سے دین کی خدمت کا موقع عطا فرمائے۔ آمین۔

— مریم عقاری

شام اقبال

۲۲ اپریل کو ٹورانٹو میں "شام اقبال" کے نام سے ایک پروگرام کیا جا رہا ہے جس میں علامہ اقبال کی شخصیت اور شاعری پر مقالے پڑھے جائیں گے اور علامہ اقبال پر لکھی ہوئی کتابوں کی نمائش ہوگی۔ داخلہ مفت ہے۔ مزید معلومات کے لیے ذیل کے نمبر پر جاوید عالم کو فون کیجیے:
461-8559

کینیڈین سوسائٹی میں پاکستانی خواتین کی بدلتی ہوئی ذمہ داریاں

نیشنل فیڈریشن آف پاکستانی کینیڈینز کے زیر اہتمام ٹورانٹو میں ایک سیمینار ۲۴ مارچ کو منعقد ہوا جس میں کینیڈین سوسائٹی میں پاکستانی خواتین کی بدلتی ہوئی ذمہ داریوں کے بارے میں اظہار خیال کیا گیا۔ مقررین میں ریاست علی قادری، عزیز چوہدری، فریدہ شیخ، ظفر بنگش اور پروفیسر حمید رشید شامل تھے۔ محترمہ عظمیٰ اسپیشل اسسٹنٹ وزیر امیگریشن اور ایمپلائمنٹ مہمان خصوصی تھیں۔ ٹورانٹو میں پاکستانی خواتین کی جانب سے یہ پہلا سیمینار تھا جسے پورے وقار اور تنظیم کے ساتھ پیش کیا گیا۔ پروگرام کی منتظمہ مبارکباد کی مستحق ہیں [illegible]

سیاچن گلیشیر پاکستان کو نہیں دیا جائے گا۔ نرسمہاراؤ

سرحدوں پر فوجی کمانڈروں کے تمام اجلاس ناکام ہو چکے ہیں

فوج کا زیادہ عرصہ برسر اقتدار رہنا ملک کے مفاد میں نہیں۔ اصغر خان

قائد اعظم یونیورسٹی کا انتظام ٹرسٹی کمشنر

اسلام آباد کے حوالے کر دیا گیا

مرکز میں مسلم لیگ کو اقتدار منتقل نہیں کیا گیا۔ حسن اے شیخ

وفاقی کابینہ ۱۱ اپریل اور سندھ کابینہ

۱۱ اپریل کو تشکیل دے دی جائے گی

جو آئین عوام کو بنیادی حقوق فراہم نہیں کرتا غلامی کی دستاویز ہے۔ قصوری

بھٹو نے اپنے اقتدار کے آخری دنوں میں حکومت چھوڑنے کا فیصلہ کر لیا تھا۔ حامد رضا گیلانی

محمد خان جونیجو کو وزیر اعظم نامزد کرنے کا فیصلہ درست ہے۔ یوسف خٹک

تمام قومی مسائل صرف پارلیمنٹ میں اٹھائے جائیں۔ جام غلام قادر

پاکستانی سرحد کے بالکل قریب دو طیارے مسلسل حملے کر رہے ہیں

مارشل لا اور جمہوریت ایک ساتھ نہیں چل سکتے۔ ولی خان

برطانیہ سکھوں اور کشمیریوں کے خلاف موثر کارروائی نہیں کرتا

Halal Beef, Lamb, Poultry & Groceries

تازہ حلال گوشت اور مرغیاں

ZABEEHA MEAT &
GROCERY STORE
1536 Warden Avenue
SCARBOROUGH
Tele: 445-1272

fortnightly Vol.14 No.2 **50 ¢**
April 10, 1985
al-Hilal Ph: (416) 474-9293, 493-4374
338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ont. Canada M2H 2P6

فخر امام کو قومی اسمبلی کا اسپیکر منتخب کر لیا گیا

خواجہ صفدر کو آٹھ ووٹ کم ملے۔ چوہدری ڈپٹی اسپیکر ہوگئے

[illegible]

مارشل لاء کا خاتمہ، سماجی و اقتصادی حالات بہتر بنانا اور آزاد صحافت

قومی اسمبلی کے اسپیکر کی اہم ترین فرائض ہیں: فخر امام

[illegible]

قومی اسمبلی کے اسپیکر فخر امام

پاکستان میں رشوت و بدعنوانی نے بہتر حکومت کے خاتمے کی کوششوں کو ناکام بنا دیا

گرفتار کئے جانے والے رشوت دیکر اپنا کاروبار جاری رکھتے ہیں۔ سنڈے ٹائمز

[illegible]

غلام اسحاق خان سینیٹ کے چیئرمین ہوگئے

اسلام آباد — [illegible]

مارشل لاء کسی صورت میں نہیں رہے گا: خواجہ خیرالدین

موجودہ حکومت بھی ایوب خان کا کھیل کھیل رہی ہے

کراچی — [illegible]

حیدرآباد دکن میں پھر مسلم کش فساد، ۲۰ افراد ہلاک

پولیس نے بلوائیوں کو منتشر کرنے کے لئے گولی چلا دی

[illegible]

چین نے ایران سے اسلحہ کے سودے کی تردید کر دی

[illegible]

وزیراعظم جونیجو مسلم لیگ کے صدر بنیں گے

اسلام آباد — [illegible]

غیر سندھیوں کو سندھ سے نکال دیا جائے: گلزار انڑ

ملازمتوں میں سندھ کو معقول حصہ نہیں ملتا

[illegible]

جتوئی کے گھر میں چوری کی کوشش

کراچی — [illegible]

بلٹ پروف موٹر کاریں

[illegible]

معراج خالد پیپلز پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری ہوگئے

لاہور — [illegible]

یہ ایک نازک ذمہ داری ہے: جوگیزئی

اسلام آباد — [illegible]

[illegible]

مجھے کابینہ بنانے کی جلدی نہیں: جونیجو

اسلام آباد — [illegible]

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان

پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو (کینیڈا)

سالانہ زرِ خریداری (برائے الہلال) ۱۵ ڈالر
سالانہ زرِ خریداری (برائے کریسنٹ) ۲۰ ڈالر
سالانہ زرِ خریداری (برائے الہلال و کریسنٹ) ۳۵ ڈالر

Name ....
Address ....
....
....
Postal Code .... Telephone ....

زرِ خریداری کا چیک "کریسنٹ" کے نام لکھیے اور پتہ ذیل پر بھیجئے

338 Hollyberry Trail, Wilowdale, Ontario
Canada M2H 2P6 Ph: (416) 474-9292, 493-4374

اگر آپ اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی)
بطور نمونہ حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگا دیجئے →

Managing Editor: M Lateef Owaisi